عظمت توحید باری تعالیٰ اور عیسائی پادری برکت۔ اے۔ خان کی کتاب "فلسفۂ وحدت الوجود" کا مختصر جواب (قرآن مجید اور بائبل مقدس کی روشنی میں)

مؤلف	: محمد اسماعیل نقشبندی
ملنے کا پتہ	: غوثیہ کتب خانہ، اردو بازار، مغل مارکیٹ گوجرانوالہ
صفحات:	۴۶
سال اشاعت	: درج نہیں
قیمت	: ۵ روپے

مولانا محمد اسماعیل نقشبندی جامع مسجد صابری گوجرانوالہ کے خطیب ہیں۔ سال ڈیڑھ سال پہلے اُنھوں نے پادری برکت۔ اے۔ خان کی تالیف "قیامت اور زندگی" کی تردید میں ایک کتابچہ "قہر رحمان بر منکرِ قرآن" کے نام سے لکھا تھا۔ اب انھوں نے ان ہی پادری صاحب کی ایک دوسری تحریر "فلسفۂ وحدت الوجود" کا مختصر جواب لکھا ہے۔ جس میں انھوں نے توحید کی تشریح و توضیح میں قرآن و حدیث اور بائبل کے ساتھ ساتھ کشف المحجوب اور "تذکرۃ الاولیاء" سے استفادہ کیا ہے۔ مولانا نے نبی اکرم حضرت محمد ﷺ کے بارے میں بائبل کی پیش گوئیوں کا ذکر کیا ہے اور ان پیش گوئیوں میں سے ایک دو کی اُس تشریح پر تنقید کی ہے جو عموماً عیسائی پادریوں کی جانب سے پیش کی جاتی ہے۔ (اختر راہی)